پازی کی مقدسہ مریم مگدلینی

آپ 1566 میں فلورنس کے مقام اٹلی میں ایک معزز گھرانے میں پیدا ہوئی۔ بپتسمہ کے وقت آپ کو کیتھرین کا نام دیا گیا۔ شروع ہی سے آپ دُعا، ریاضت اور غریبوں کی مدد کرنے میں خاصی دلچسپی لیتی تھی۔ آپ کو مذہبی تعلیم پڑھانے کا بے حد شوق تھا۔ نیک سیرت ہونے کی وجہ سے آپ سب کو بھاتی تھی۔ دس سال کی عمر میں جب آپ نے پہلی بار پاک شراکت لی۔ تو اسی وقت آپ نے وعدہ کیا کہ آپ خدا کے لیے پاکدامنی کی زندگی بسر کریں گی۔ چودہ برس کی عمر میں جب آپ ایک کانوینٹ سکول میں بھیج دیں گی تو آپ کی ریاضتی زندگی کو دیکھ کر دیگر سسٹرز کہا کرتی تھیں کہ ایک روز آپ بڑی مقدسہ بنے گی۔ 1582 میں آپ نے ایک کارملائیٹ کانوینٹ میں اس لئے شمولیت اختیار کی کیونکہ یہاں آپ ہر روز پاک شراکت لے سکتی تھی۔ کچھ عرصے کے بعد 1583 میں آپ نے اس جماعت میں مریم مگدلینی کا نام اختیار کیا۔ 29 مئی 1584 میں آپ شدید بیمار پڑ گئی اور یوں لگا آپ صحت یاب نہیں ہوں گی۔ اُس دن سے جب آپ کو مذہبی جماعت کا لباس ملا اور اپنی وفات کے دن تک آپ پر اکثر وجد کی کیفیت طاری ہو جاتی تھی۔ عرصہ پانچ سال تک (1585-1590) آپ شدید شیطانی حملوں اور آزمائشوں کا سامنا کرتی رہیں۔ تاہم آپ ایمان کی مضبوطی کے ساتھ ان کا مقابلہ کرتی رہیں۔ اس دوران آپ کو جماعت نے بھاری ذمہ داریاں سونپ دیں۔ خدا کی طرف سے آپ کو یہ قدرت حاصل تھی کہ آپ دوسروں کے دل کے حالات اور ذہنی خیالات معلوم کر سکتی تھی۔ آپ کو معجزات کی قوت بھی عطا کی گئی۔ اپنی زندگی کے آخری تین سال بیماری کی حالت میں اپنے ناقابل بیان اذیت اور دُکھ اُٹھائے۔ تاہم آپ ہمیشہ ثابت قدم رہیں اور 41 برس کی عمر میں فوت ہوئی تو اُس وقت معجزات رونما ہوئے۔ آپ کا جسدِ خاکی ابھی تک موجود ہے۔ آپ کی عید ہر سال 25 مئی کو منائی جاتی ہے۔